Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Translation) IV Semester Examination, July 2023

Paper - MATS401CCT : Refining Translation

پرچہ : ترجمے کی تلخیص

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو(200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جوب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال 1:

(i درج ذیل میں سے کون سا لفظ ہندی الاصل ہے؟

(a) قمر (b) ہلال (c) چاند (d) ماہ

(ii مدیر کا انگریزی متبادل درج ذیل میں سے کیا ہے؟

(a) Creator (b) Author (c) Writer (d) Editor

(iii What editors do کا مصنف ذیل میں سے کون ہے؟

(a) Steve Dunham (b) Susan Bell (c) Peter Ginna (d) Nansy Lobb

(iv ادارت کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

(a) Editing (b) Refining (c) Setting (d) Composing

(v جمہوریت کا انگریزی متبادل کیا ہوگا؟

(a) Monarchy (b) Democracy (c) Aristocracy (d) Anarchy

خالی جگہوں کو پُر کیجیے

(vi اونچی دکان __________ پکوان۔

(vii خوب گزرے گی جو مل بیٹھیں گے __________ دو۔

(viii ''فن ادارت'' __________ کی تصنیف ہے؟

ix) درج ذیل شعر کس کا ہے؟

سبزہ وگل کہاں سے آئے ہیں ابر کیا چیز ہے ہوا کیا ہے

x) گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے محاورہ ہے یا کہاوت؟

حصہ دوم

2. خبروں کی ادارت سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔
3. کسی بھی متن کی صحیح قرات میں رموز اوقاف کی کیا اہمیت ہے؟ مدلل تحریر کیجیے۔
4. پروف ریڈر کی صلاحیت ولیاقت پر ایک نوٹ لکھیے۔
5. تھیسارس سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ ادارت میں اس کی کیا اہمیت ہے؟ واضح کیجیے۔
6. کسی ترجمہ شدہ متن کی ادارت کے دوران جدید تکنیکی وسائل سے کیا مدد لی جاسکتی ہے؟ اپنی رائے ظاہر کیجیے۔
7. سب ایڈیٹنگ (Sub-Editing) کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی اہمیت پر ایک نوٹ تحریر کیجیے۔
8. تصنیف کی ادارت اور ترجمے کی ادارت میں کیا فرق ہے؟ مع امثال واضح کیجیے۔
9. درج ذیل جملوں کو درست کیجیے۔

i۔ وہ ساحل دریا کے کنارے چہل قدمی کر رہا تھا۔

ii۔ آپ جذباتوں میں آ کر کوئی فیصلہ نہ کیجیے۔

iii۔ میری قلم میز پر رکھی ہے۔

iv۔ اپنے بڑوں سے استفادہ حاصل کیا کرو۔

v۔ اس نے کئی اہم رازوں کا خلاصہ کیا۔

حصہ سوم

10۔ قدیم متون کی دوبارہ اشاعت کے تعلق سے مدیر کو درپیش مسائل کا ذکر کیجیے۔

11۔ ترجمے کی ادارت میں موازنہ کے تصور کا جائزہ لیجیے۔

12۔ ایک اچھے مدیر میں کیا خوبیاں ہونی چاہئیں؟ وضاحت کیجیے۔

13۔ ادارت کے مختلف مراحل کا سیر حاصل جائزہ لیجیے۔

14۔ درج ذیل میں سے کسی دو پر مختصر نوٹ لکھیے:

(a) لغت اور تھیسارس (b) حوالہ اور حاشیہ (c) فہرست اور اشاریہ

☆☆☆